SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 8, 2021

**ایس ای سی پی کا گروتھ انٹرپرائز مارکیٹ بارے ویبنار کا انعقاد**

اسلام آباد( 8 مئی)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے نیشنل انکیوبیشن سینٹر کے تعاون سے نوجوان سرمایہ کاروں اور سٹارٹ اپ کو کیپیٹل مارکیٹ سے سرمایہ کے حصول کے لئے اسٹاک ایکسچینج میں متعارف کروائے گئے گروتھ انٹرپرایز مارکیٹ اور شیلف رجسٹریشن کے بارے معلومات اور آگہی فراہم کرنے کے لئے ویبنار منعقد کیا۔

ویبنار میں سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کی سٹاک مارکیٹ کی گروتھ انٹرپرائز مارکیٹ میں لسٹنگ کی کے ریگولیٹری فریم ورک بارے بریفنگ دی گئی۔ گروتھ انٹرپرائز بورڈ سٹاک ایکس چینج کے مین بورڈ سے علیحدہ ایک متبادل بورڈ ہے جس میں چھوٹی کمپنیوں کے لئے لسٹنگ کی آسان اور سہل شرائط وضع کی گئیں ہیں اور چھوٹی کمپنیاں مارکیٹ میں لسٹ ہو کر آفرنگ دستاویز کے عوض سرمایہ فنڈز حاصل کر سکتی ہیں۔

ویبنار کے اختتام پر،ایس ای سی پی نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دئے۔ شرکاء نے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا اور سٹیک ہولڈرز کی رہنمائی کے لئے ایسے آگہی ویبنار تسلسل کے ساتھ منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔